فوری ریلیز کے لیے: 2023/30/1 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کی جانب سے علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے اقدام کے دوسرے مرحلے میں تفویض کردہ $22 ملین سے زائد رقم کا اعلان***

***منظور شدہ تفویضات کے دوسرے دور میں تعمیری کام شروع کرنے کے لیے بالکل تیار 21 پروجیکٹس شامل ہیں***

***اب تک کے تفویض یافتگان کی مکمل فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے اقدام کے ذریعے تمام ریاست نیو یارک میں 21 پروجیکٹس میں معاونت کے لیے $22 ملین سے زائد رقم تفویض کی گئی ہے۔ دور بارہ میں ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ سے بنیادی کیپٹل گرانٹ اور ٹیکس کریڈٹ فنڈنگ شامل تھی، جو علاقوں کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مسلسل اور مسابقتی بنیادوں پر دستیاب کرائی گئی تھی۔ مذکورہ فنڈنگ سے ان بامقصد پروجیکٹس میں معاونت فراہم ہو گی جو ہر علاقے کے سٹریٹیجک اہداف کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔

"علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز مل جُل کر، ہماری ریاست کے چپے چپے میں موجود اہم اثاثہ جات پر زور دے کر اور ایسے پروجیکٹس میں سرمایہ کاری کر کے نیو یارک کی معیشت کو ترقی دے رہے ہیں، جن سے بہتر، اعلیٰ معیار کی ملازمتیں تخلیق ہوں گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ ہم نیو یارک کی کمیونٹیز کے اندر مضبوط سرمایہ کاریاں کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں، لہٰذا ہم اس کام کو ایک ایسے انداز میں انجام دینے کے لیے پُرعزم ہیں جس سے مواقع میں توسیع ہو، نجی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہو، اور ہماری باصلاحیت افرادی قوت کو سہارا ملے۔"

"تعمیری کام شروع کرنے کے لیے بالکل تیار ہر خطے کے سٹریٹیجک منصوبوں کے معاون پروجیکٹس تجویز کرنے کے ذریعے، علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کمیونٹیز کو فی الوقت اور آئندہ نسلوں کے لیے بہتر بنا رہے ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے کہا۔** "یہ پروجیکٹس علاقائی کونسلز کی جانب سے ریاست بھر میں اقتصادی ترقی اور خوشحالی لانے پر انتہائی توجہ مرکوز کرنے کو ظاہر کرتے ہیں۔"

ESD (امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ) گرانٹ فنڈز کے لیے درخواستوں کا سلسلہ بدستور کھلا ہے، اور درخواستوں کا مستقل بنیادوں پر جائزہ لیا جا رہا ہے جب تک کہ فنڈز ختم نہ ہو جائیں۔ ریاست اور خطے کی اقتصادی ترقی کی ترجیحات کے مطابق مضبوط، تعمیر شروع کرنے کے لیے تیار پروجیکٹس کے حامل درخواست دہندگان جامع فنڈنگ کی درخواست کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight کا کہنا تھا کہ،** "علاقائی کونسلز ایسے پروجیکٹس تجویز کرنے کے ذریعے ہماری ریاستی کمیونٹیز کے لیے مسلسل ایک اہم آواز کا کردار ادا کر رہی ہیں، جو ہماری معیشت کو کامیابی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ یہ تفویضات بہتر ملازمتوں کی تخلیق اور نئی سرمایہ کاریاں کرنے کے ذریعے ریاست بھر کی مقامی معیشتوں کو بدل کر رکھ دیں گی۔"

پروجیکٹس کے اس دوسرے دور کی سفارش ہر علاقائی کونسل نے اپنی پروجیکٹ کی تیاری اور ہر علاقے کے سٹریٹیجک منصوبے کے ساتھ ہم آہنگی کی وجہ سے کی تھی۔ جھلکیوں میں شامل ہیں:

- **اوونز بروک وے گلاس کنٹینر انکارپوریشن (وسطی نیو یارک) - 2.8$ملین ESD گرانٹ، 1$ ملین ایکسیلسیئر ملازمتی ٹیکس کریڈٹ:** اوونز بروک وے گلاس کنٹینر، جو کہ شیشے کے کنٹینروں کا مصنوعہ ساز ہے، وہ سینیٹ ٹاؤن اور کایوگا کاؤنٹی میں اپنی سہولت گاہ کو بہتر بنائے گا۔ بہتری کے اس عمل سے پلانٹ کی نموپذیری میں اضافہ ہو گا اور شیشے کے اس خستہ حال مینوفیکچرنگ فرنس کی دوبارہ تعمیر و ترتیب کی جائے گی، جس کی بدولت اسے نئے مزید مستحکم فرنس میں تبدیل کیا جائے گا، $CO_2$ اخراجوں میں کمی واقع ہو گی جبکہ توانائی کی استعداد کار میں اضافہ ہو گا۔
- **ڈائمنڈ پیکیجنگ ہولڈنگز، LLC (فنگر لیکس) - 500,000$ ESD گرانٹ، 1$ ملین ایکسیلسیئر ملازمتی ٹیکس کریڈٹ:** ڈائمنڈ پیکیجنگ، اختراعی اور مضبوط فولڈنگ کارٹنز کا ڈیزائنر اور مصنوعہ کار، نئے سازوسامان اور سہولت گاہ کی تعمیرِنو میں سرمایہ کاری کرے گا۔ مذکورہ کمپنی نئے پرنٹنگ پریس، شیٹر اور نئے ڈائی کٹر کی خریداری کا عمل انجام دے گی تاکہ راچسٹر میں اپنی سہولت گاہ کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔
- **eVero کارپوریشن (لانگ آئیلینڈ) - 550,000$ ایکسیلسیئر ملازمتی ٹیکس کریڈٹ:** eVero، میل ویل میں واقع ہیلتھ کیئر سافٹ ویئر ڈویلپر ہے، جو کہ ذاتی نظم کردہ نگہداشت پر مرکوز سافٹ ویئر تشکیل دیتا ہے۔ مذکورہ کمپنی توسیعی سرمایہ کاریاں کرنے کے ساتھ نیا سازوسامان خریدے گی۔
- **ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی ہیلتھ کیئر کارپوریشن - WMCHealth سیلولر ٹشو انجینیئرنگ لیبارٹری (علاقہ مڈ ہڈسن) - 700,000$ ESD گرانٹ:** ویسٹ چیسٹر میڈیکل سینٹر ( Westchester Medical Center، WMC) میں سیلولر اینڈ ٹشو انجینیئرنگ لیبارٹری ( Cellular and Tissue Engineering Laboratory، CTEL) واقع ہے۔ CTEL مصنوعہ سازی و عمل کاری کی جدید ترین سہولت گاہ ہے، جو کہ ہڈسن ویلی میں سیل اینڈ ٹشو انجینیئرنگ کی واحد لیبز میں سے ایک ہے۔ WMC تعمیر کے مرحلہ II کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے گا جس میں سیل تھیراپی کی تجرباتی سہولت گاہ ( Experimental Cell Therapy Facility، ECTF) کا اضافہ شامل ہے۔ یہ سہولت گاہ تحقیق اور انتقالی سیلولر تھیراپیز کے طبی طور پر نفاذ کے ذریعے نیو یارک کے علومِ حیاتیات کے خطۂ حیات میں بہتری لائے گی۔
- **MHXCO فوم کمپنی، LLC (موہاک ویلی) - 500,000$ ESD گرانٹ:** MHXCO فوم کمپنی، جو کہ فوم سے بنی مصنوعات کی مصنوعہ ساز ہے، (کراس لنکنگ کے لیے فوم کی مصنوعہ سازی کے تین مراحل میں دوسرا درجہ رکھنے والے) خوف حفاظتی الیکٹران بیم فوم کے حصول کی منصوبہ بندی کرتی ہے تاکہ مصنوعہ سازی کی استعداد کار میں اضافہ کیا جا سکے اور عالمی سطح پر اسے مقابلتاً بہتر بنایا جا سکے۔ یہ سرمایہ کاری تمام تر پیداواری عمل کو ایک ہی مقام پر، ایڈسن سٹریٹ میں واقع اپنی چھت تلے رکھے گی اور کمپنی کو مختلف مراحل پر مکمل طور پر اپنے زیرِ عمل اور مربوط رکھنے میں مدد دے گی۔
- **سٹی انوویشنز کولیبوریٹیو - علومِ حیاتیات کی انکیوبیٹڑ سہولت گاہ- (نیو یارک شہر) - 4.5$ ملین ESD گرانٹ:** سٹی انوویشنز کولیبوریٹیو (City Innovations Collaborative، CInC) سٹی کالج آف نیو یارک کی جانب سے قائم کردہ نیا علاقائی اختراعی انجن ہے تاکہ پسماندگی کی شکار اپنی NYC کمیونٹی کے لیے علاقائی علومِ حیاتیات کے پنپتے ہوئے ماحولیاتی نظام کا بیج بویا جا سکے، اس کی کاشت ہو اور اسے قائم رکھا جا سکے۔ CInC مغربی ہارلم کے سٹی کالج کیمپس سے ملحقہ نئی ٹیسٹی (Taystee) لیب بلڈنگ میں کرائے پر جگہ لے گا اور متعدد نئے اقدامات کے لیے ساتھ ہی ساتھ تجارتی کوششوں میں معاونت فراہم کرے گا۔
- **ٹورن ہائی لینڈ لاج (نارتھ کنٹری) - 120,000$ ESD گرانٹ:** ٹورن ہائی لینڈ لاج چھ کمروں پر مشتمل نیا تعمیر کردہ لاج ہو گا جو ٹگ ہل کے علاقے میں موسمِ سرما اور موسمِ گرما کے، موثر استعمال کردہ اور غیر استعمال کردہ تفریحی مواقع میں معاونت فراہم کرے گا۔
- **سٹور فلیکس ہولڈنگز انکارپوریشن (جنوبی سلسلہ) - 2.2$ ملین ESD گرانٹ، 950,000$ ایکسیلسیئر ملازمتی ٹیکس کریڈٹ:** سٹور فلیکس، جو کہ ریٹیل پر تختہ کاری کا مصنوعہ ساز ہے، ارون ٹاؤن اور ریورسائیڈ گاؤں میں دو مقامات پر توسیعی پروجیکٹ کی تکمیل کی منصوبہ بندی کرتا ہے، اور یہ دونوں مقامات سٹیوبین کاؤنٹی میں واقع ہیں۔ کاروباری توسیع کی نوعیت کا حامل یہ پروجیکٹ شمالی امریکا اور

کینیڈا کے تمام خطے میں ریٹیل تختہ کاری کے ڈیزائنر اجزاء کی کثیر المرحلہ مصنوعہ سازی، واک ان کُولرز اور فریزرز، اور ترسیلی صارفین کو انجینیئرنگ خدمات کی فراہمی میں معاونت دے گا۔ سٹور فلیکس نئی پیداواری لائنز کو شامل کرے گا، جن میں نئی روبوٹک ویلڈنگ لائن اور نئی پینٹ لائن شامل ہو گی۔

REDC کا عمل علاقائی شراکت داروں کی معاونت اور انہیں بااختیار بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ایسے سٹریٹیجک منصوبے تشکیل دیے جا سکیں اور ترجیحات کو فنڈ فراہم کیا جا سکے جو مقامی اقتصادی ضروریات کو پورا کریں۔ آج تک، REDC اقدام کے ذریعے، 9,500 سے زائد ملازمتوں کی تخلیق اور ہر علاقے کے سٹریٹیجک منصوبے کے مطابق کمیونٹی کی ترقی کے پروجیکٹس کے لیے 7.7$ بلین سے زائد رقم تفویض کی گئی ہے۔

**فنڈنگ کی یکجا درخواست کے بارے میں**

فنڈنگ کی یکجا درخواست کو گرانٹ کی درخواست کے عمل کو ہموار اور تیز کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے ریاستی وسائل کے تعین میں نمایاں بنیادی منتقلی سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلہ جاتی مقام کی حیثیت کا حامل ہے، اور درخواست دہندگان کے لیے اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ انہیں بنا کسی اشتراکی طریقہ کار کے متعدد ایجنسیوں اور وسائل کی تلاش کے عمل میں مزید سست روی کا سامنا نہ ہو۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA سے متعلق مزید یہاں جانیں۔

**علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے بارے میں**

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کا اقدام ریاستی سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے ریاست کے لائحہ عمل کا ایک اہم جزو ہے۔ سنہ 2011 میں، 10 علاقائی کونسلیں اپنے علاقوں کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے طویل مدتی تزویراتی منصوبے تیار کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ کونسلیں سرکاری و نجی شراکت داری ہیں جو مقامی ماہرین اور کاروباری، تعلیمی، مقامی حکومت، اور غیر سرکاری تنظیموں کے حصہ داروں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ علاقائی کونسلوں نے علاقے پر مبنی، نچلی سطح کو اوپر لانے اور ریاستی وسائل کے لیے مسابقتی عمل قائم کر کے ملازمتوں اور معاشی نمو میں نیو یارک کی سرمایہ کاری کے طریقے کو نئے سرے سے متعین کیا ہے۔ regionalcouncils.ny پر مزید معلومات حاصل کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418